© rasailojaraid.com



(سعید اکرام)

## مطبوعات موصولہ

☆ **تحریک پاکستان اور بلوچستان** (توضیحی کتابیات، ۱۹۴۰ تا ۱۹۴۷)، پروفیسر ڈاکٹر انعام الحق کوثر۔ **ناشر:** بولان بک کارپوریشن، زمانہ سٹریٹ، سرکی روڈ، کوئٹہ۔ **صفحات:** ۱۱۸۔ **قیمت:** ۱۲۰ روپے۔ [ایسی کتابوں کی وضاحتی کتابیات اور ایسے مضامین کی فہرست، جن میں تحریک آزادی اور قیام پاکستان میں بلوچستان کے کردار کا ذکر ہے]۔

☆ ماہنامہ **عکس صادق**، غالب نمبر، مدیر: گوہر ملسیانی۔ گوہر ادب پبلی کیشنز، مظہر فرید کالونی، صادق آباد۔ **صفحات:** ۲۱۶۔ **قیمت:** ۲۰ روپے۔ [۱۹۹۷ء میں ولادت مرزا غالب کے دو سو سال پورے ہوئے۔ غالب کے دلدادگان کے لیے، اس مناسبت سے ان پر تنقیدی و تحقیقی مقالوں اور نظموں کا ایک عمدہ مرقع]۔

☆ **آدم خوابیدہ**، حنیف ساجد۔ پتا: وارڈ ۲، مکان ۹۰، بھلوال، سرگودھا۔ **صفحات:** ۱۱۲۔ **قیمت:** ۱۰۰ روپے۔ [مولف کا تیسرا مجموعہ غزلیات، اکابر نقادوں کی تحسین آمیز آرا کے ساتھ]۔

☆ **یوسف کلبکاجانا**، یوسف ثانی۔ **ناشر:** شیلڈ پبلی کیشنز، پوسٹ بکس ۱۲۲۰۷، ڈیفنس اتھارٹی، کراچی، ۷۵۵۰۰۔ **صفحات:** ۱۴۴۔ **قیمت:** ۲۰۰ روپے۔ [طنزیہ مزاحیہ مضامین اور دلچسپ انشائیوں کا مجموعہ۔ آرٹ پیپر پر، اشاعت خاص، کاوش و اہتمام سے]۔

☆ ماہنامہ **القاسم**، خالق آباد، زڑہ میانہ، ضلع نوشہرہ، صوبہ سرحد۔ زیر سرپرستی: مولانا عبدالقیوم حقانی۔ مدیر: حافظ حبیب الرحمٰن۔ **صفحات:** ۴۸۔ **قیمت:** ۱۰ روپے، سالانہ: ۱۲۰ روپے۔ [ "عالمی اسلامی تحریکوں اور جامعہ ابوہریرہ کا ترجمان"۔ مختصر اور معلومات افزا مضامین، خصوصاً طالبان افغانستان کے بارے میں]۔

☆ **الف سے اٹکھیلیاں**، محمد حمید شاہد۔ **ناشر:** القلم دارالاشاعت، ۱۱ شان پلازا، بلیو ایریا، اسلام آباد۔ **صفحات:** ۱۲۸۔ **قیمت:** ۹۰ روپے۔ [سیاسی، تہذیبی اور معاشرتی صورت حال پر، تحریفانہ انداز کے طنزیہ، مزاحیہ ادبی نثرپاروں کا عمدہ مجموعہ]۔

☆ **ناموس رسالت پر فتنہ وحید الدین خان کی یلغار**، محمد طاہر رزاق۔ **ناشر:** عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، ۵ حسین سٹریٹ، مسلم ٹاؤن، لاہور۔ **صفحات:** ۱۶۔ **قیمت:** درج نہیں۔
[ "فتنہ وحید الدین، فتنہ قادیانیت کا تسلسل" ہے، جس کا مقصد "مسلمانوں کے دلوں سے محمدؐ اور محمدؐ کے جہاد کو نکالنا" ہے۔ "وحید الدین خاں اور قادیانی جماعت کے طریقہ واردات میں مطابقت اور مماثلت" ہے۔ "دونوں کا مشن ایک ہے"]۔

© rasailojaraid.com